## گلگت کے طلباء اور معززین کے وفد کی ایم کیو ایم کے مرکز نائن زیرو پر شعیب بخاری ایڈوکیٹ سے ملاقات

## ایم کیو ایم کی انقلابی جدوجہد کو سراہا۔ ایم کیو ایم نے غریب ومتوسط طبقے کے افراد کو اسمبلیوں میں بھیجا۔شعیب بخاری

کراچی۔۔۔26، اگست 2007ء

گلگت سے تعلق رکھنے والے طلباء اور معززین کے ایک وفد نے ایم کیو ایم کے مرکز نائن زیرو پر رابطہ کمیٹی کے رکن شعیب بخاری ایڈوکیٹ سے ملاقات کی۔وفد میں زاہد حسین، منظور حسین، اجلال حسین، عارف حسین، کریم حیدر اور طلبہ علی محمد، اشفاق حسین اور احسن شیرازی شامل تھے اس موقع پر حق پرست رکن سندھ اسمبلی محترمہ عزیز قزلباش بھی موجود تھیں۔ملاقات میں وفد کے ارکان نے شعیب بخاری ایڈوکیٹ سے گفتگو کرتے ہوئے متحدہ قومی موومنٹ ملک کی واحد سیاسی جماعت ہے جو دوسری جماعتوں کے برعکس ملک بھر کے 98 فیصد غریب ومتوسط طبقے کے افراد کے حقوق کے حصول کی عملی طور پر جدوجہد کررہی ہے اور اس جدوجہد کا قومیت، برادری اور مذاہب سے تعلق رکھنے والے افراد کی جانب سے زبردست خیر مقدم کیا جارہا ہے۔انہوں نے کہا کہ عوامی نعرے تو تمام ہی سیاسی و مذہبی جماعتوں کے رہنما لگاتے دکھائی دیتے ہیں لیکن ایم کیو ایم عوامی خدمات کو اپنی ترجیحات میں شامل رکھتی ہے اور اس سلسلے میں اپنا بھرپور کردار ادا کرتی ہے۔وفد سے بات چیت کرتے ہوئے شعیب بخاری ایڈوکیٹ نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کا فکر وفلسفہ یہ ہے کہ جمہوری اقدار، اصول، عدل وانصاف اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کسی ایک مخصوص طبقے تک محدود نہ رہیں اور ایم کیو ایم ہی واحد جماعت ہے جس نے عوامی خواہشات اور امنگوں کا نہ صرف ہر موقع پر احترام کیا بلکہ غریب ومتوسط طبقے کے افراد کو منتخب کرواکر اسمبلیوں میں عملاً بھیجا۔انہوں نے وفد کے ارکان کے خیالات کا سراہا اور ان کی نائن زیرو آمد کا زبردست خیر مقدم کیا۔

## ایم کیو ایم شعبہ خواتین کورنگی سیکٹر کی کارکن فردوسی بیگم انتقال کرگئیں، الطاف حسین اور رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔26، اگست 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ شعبہ خواتین کورنگی سیکٹر یونٹ 71 کی کارکن محترمہ فردوسی بیگم علالت کے باعث انتقال کرگئیں۔مرحومہ کے سوگواران میں 3 بیٹے اور 7 لڑکیاں شامل ہیں۔مرحومہ فردوسی بیگم ایم کیو ایم کی سرگرم کارکن تھیں اور تحریکی پروگراموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتی تھیں۔مرحومہ کو کورنگی نمبر ایک کے قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا۔رابطہ کمیٹی کی رکن محترمہ خورشید افسر اور شعبہ خواتین کی ذمہ داران وکارکنان نے مرحومہ کی رہائشگاہ جاکر سوگوار اہل خانہ سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا اور مرحومہ کی روح کے ایصال ثواب کیلئے دعا کی۔دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے محترمہ فردوسی بیگم کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیو ایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی نے بھی محترمہ فردوسی بیگم کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا کرتے ہوئے لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔

## مقامی صحافی تاج احمد کی علالت پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تشویش

## عوام جلد صحت یابی کیلئے دعا کریں، رابطہ کمیٹی کی اپیل

کراچی۔۔۔26، اگست 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے جیو نیوز کے رپورٹر تاج احمد کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور ان کی صحت یابی کیلئے دعا کی ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے حق پرست عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ تاج احمد کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعا کریں۔واضح رہے کہ تاج احمد کو گزشتہ روز دل کا دورہ پڑا تھا جس کے باعث وہ تشویش ناک حالت میں امراض قلب کے اسپتال میں زیر علاج ہیں۔

## گھناؤنی سازشوں کے باوجود پنجاب ورکرز کنونشن کی کامیابی ایم کیوایم کیلئے باعث فخر ہے، کراچی مضافاتی کمیٹی

کراچی۔۔۔26، اگست 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کراچی مضافاتی کمیٹی کے اراکین نے کہا ہے کہ ایم کیوایم کا پنجاب ورکرز کنونشن ملک سے موروثی سیاست کے خاتمے میں اہم کردار ادا کرے گا اور ایم کیوایم کے پلیٹ فارم سے پنجاب کے غریب ومتوسط طبقے کے افراد بھی اپنے جائز حقوق کی آواز اسمبلیوں میں اٹھا سکیں گے۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفہ اور نظریئے کے فروغ کی بدولت ملک بھر کے غریب ومتوسط طبقے کے افراد میں اپنے حقوق کے حصول کی جدوجہد کا شعور بیدار ہو چکا ہے اور پنجاب کی طرح ملک بھر میں ایم کیوایم جس تیزی سے لوگوں کے دلوں میں اپنا مقام بنا رہی ہے وہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کے دیئے گئے درس اور تبلیغ کا ہی نتیجہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب ورکرز کنونشن کی کامیابی ملک بھر کے مظلوم عوام کی فتح ہے اور انشاء اللہ پنجاب کے کارکنان تمام تر سازشوں کے باوجود حق پرستی کی تحریک میں اپنا بھرپور کردار ادا کرتے رہیں گے۔ انہوں نے کہا کہ اوچھے ہتھکنڈوں اور گھناؤنی سازشوں کا انقلابی تحریکوں کو ہر وقت سامنا رہتا ہے اور یہ بات ایم کیوایم کیلئے باعث فخر ہے کہ ایم کیوایم کے خلاف جاری گھناؤنی سازشوں اور منفی پروپیگنڈوں کے باوجود ایم کیوایم پنجاب کے کارکنان نے ورکرز کنونشن میں ہزاروں کی تعداد میں شرکت کر کے حق پرستی کی تحریک کے فکر وفلسفہ کو فروغ دینے کا نہ صرف عزم کیا بلکہ اس پر اپنے اعتماد کا بھی اظہار کر کے سازشی عناصر کو باآور کرا دیا ہے کہ ایم کیوایم اور اس کے کارکنان تمام تر سازشوں کا ڈٹ کر مقابلہ کریں گے اور ماضی کی طرح آج بھی اپنے مشن، مقصد، کاز اور نظریئے کے حصول کیلئے پرامن جدوجہد جاری رکھیں گے۔ کراچی مضافاتی کمیٹی کے اراکین نے پنجاب ورکرز کنونشن کی کامیابی پر قائد تحریک جناب الطاف حسین کو دلی مبارکباد بھی پیش کی۔

## صیفل گوٹھ یوسی 4 گجرو گڈاپ ٹاؤن میں ایم کیوایم کے رابطہ آفس کا افتتاح
## اجتماع میں پنجابی، پختون، سرائیکی، راجپوت اور اوڈھ کارکنان کی بڑی تعداد میں شرکت

کراچی۔۔۔26، اگست 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے زیراہتمام گڈاپ ٹاؤن کے علاقے صیفل گوٹھ یوسی 4 گجرو میں ایم کیوایم کے رابطہ آفس کا افتتاح کر دیا گیا۔ رابطہ آفس کا افتتاح آرگنائزنگ کمیٹی کے جوائنٹ انچارج خورشید مکرم اور اراکین نے کیا۔ اجتماع میں صیفل گوٹھ، یوسف صاحب خان گوٹھ، لاسی گوٹھ، الہ آباد گوٹھ وزیر گوٹھ، خادم حسین سولنگی گوٹھ کے پنجابی، پختون، سرائیکی، راجپوت اور اوڈھ قومیتوں سے تعلق رکھنے والے کارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے آرگنائزنگ کمیٹی کے اراکین نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ ملک میں رائج گلے سڑے سماج اور استحصالی نظام کے خلاف ایک تحریک ہے اور اس کا مقصد سیاست برائے خدمت ہے۔ انہوں نے کہا کہ نام نہاد سیاسی جماعتیں فرسودہ نظام کا حصہ ہیں جو صرف الیکشن کے وقت جھوٹے نعروں سے عوام کو بیوقوف بناتی ہیں اور الیکشن جیتنے کے بعد عوام کے پیسوں سے اپنی تجوریاں بھرتی ہیں اور ان کے نزدیک عوامی مسائل کوئی اہمیت نہیں رکھتے۔ انہوں نے کارکنان پر زور دیا کہ وہ مخالفین کے پروپیگنڈوں اور سازشوں سے ہوشیار رہیں اور ان کی اشتعال انگیزیوں میں بالکل نہ آئیں اور نظم وضبط میں رہتے ہوئے تحریکی ذمہ داریاں انجام دیتے رہیں۔

## ایم کیوایم ملیر، سرجانی، کورنگی سیکٹرز اور لیبر ڈویژن کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔26، اگست 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم ملیر سیکٹر یونٹ 5 کے شہید کارکن شکیل پٹیل کی والدہ محترمہ جمیلہ بیگم، ایم کیوایم لیبر ڈویژن KPT یونٹ کے کارکن شکیل اختر کے بھائی عقیل اختر، ایم کیوایم سرجانی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 2 کے کارکن محمد حامد قریشی کے والد حبیب قریشی، ایم کیوایم کورنگی سیکٹر یونٹ 74 کے کارکن محمد فرحان کے والد محمد اسلم اور ایم کیوایم سرجانی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 7 کے کارکن عبدالرحمٰن قریشی کی والدہ محترمہ جمیلہ بیگم کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل کی توفیق عطا کرے۔

☆☆☆☆☆